## سوال

(877) وہ سنتیں جو چھوڑ دی گئی ہیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

السُّنَنُ الْمَهْجُورَةُ (وہ سنتیں جو چھوڑ دی گئی ہیں) کون کون سی ہیں اور ان کے دلائل بھی بتا دیں؟

محمد یوسف ضیاء مدینہ منورہ

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''سنن مہجورہ'' ہیں تو بہت زیادہ مگر جس انداز سے آپ پوچھ رہے ہیں انہیں اس انداز میں لکھنے کے لیے کافی وقت درکار ہے لیکن بوجہ مصروفیت اتنا وقت نکالنا مشکل ہے اس لیے نیچے چند ایک سنن مہجورہ کے ذکر پر اکتفا کرتا ہوں۔

(۱) ''اَلْمَسْحُ عَلَی النَّعْلَیْنِ'' [جوتوں پر مسح]1

(۲) ''زِیَادَةُ ''وَبَرَکَاتُهُ'' فِیْ تَسْلِیْمِ الصَّلاَةِ'' [نماز سے سلام پھیرتے ہوئے وبرکاتہ کا اضافہ]2

(۳) ''جَعْلُ الْقَدَمِ الْیُسْرٰی بَیْنَ الْفَخِذِ وَالسَّاقِ فِی جُلُوْسِ الصَّلاَةِ'' [نماز میں بیٹھنے کے دوران بائیں پاؤں کو ران اور پنڈلی کے درمیان کرنا]3۔ (۴) ''اَلصَّلاَةُ حَالَ الْاِنْتِعَالِ'' [جوتا پہن کر نماز پڑھنا]4 (۵) ''اَلنَّهْیُ عَنِ الْاِنْتِعَالِ قَائِمًا'' [کھڑے ہو کر جوتا پہننا منع ہے]5

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

1(ترمذی، ابوداود، شرح معانی الآثار، ملحق الشیخ الالبانی حفظہ ا تعالی بآخر رسالۃ المسح علی الجوربین للقاسمی۔ رحمہ ا تعالی 2ابوداود، ارواء الغلیل 3 صحیح مسلم باب صفۃ الجلوس فی الصلاۃ 4ابوداود وغیرہ 5ابن ماجہ کتاب اللباس باب الانتعال قائما)

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل](#)

**جلد01ص561**

محدث فتویٰ